سوال

(46)عید کی نماز تاخیر سے پڑھی گئی   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عید کی نماز تاخیر سے پڑھی گئی۔ عیدگاہ ہی میں جمعہ کا وقت ہوگیا۔ اگر جامع مسجد پہنچ کر جمعہ پڑھیں تو وقت نہیں رہے گا۔ کیا عیدگاہ میں جمعہ پڑھ سکتے ہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں ہے : جعلت لی الارض کلھا مسجدا الحدیث

اس حدیث کا یہی مطلب ہے کہ جہاں وقت ہوجائے نماز پڑھ لی جائے۔ مسجد میں پہنچنے کی خاطر قضا نہ کی جائے نہ اول وقت ضائع کیا جائے جس میں خدا کی رضا ہے۔

مولانا عبداللہ امرتسری روپڑی

(فتاویٰ اہل حدیث ص ۲۸)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد04ص119

محدث فتویٰ